10.11.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

**Music**

..................................

☆ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی چناؤ مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر ایک کے بعد ایک ریلیاں کررہے ہیں۔

☆ مہاراشٹر میں BJP کے سرکردہ رہنما امت شاہ نے ممبئی میں پارٹی کا انتخابی منشور جاری کیا۔ کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے بھی مہا وِکاس اگھاڑی اتحاد کا چناؤ منشور جاری کیا۔

☆ جموں و کشمیر میں سری نگر اور سوپور میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی جاری ہے۔

☆ کناڈا پولیس نے گذشتہ اتوار کو Brampton میں ایک ہندو مندر پر پُرتشدد جھڑپ کے سلسلے میں ایک اور شخص کو گرفتار کیا ہے۔

☆ اور اسکواش میں، بھارت کی Anahat Singh نے آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں نیو ساؤتھ ویلس اوپن ٹورنامنٹ میں خواتین سنگلز کا ٹائٹل جیتا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

Rev. Jharkhand - campaigning

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی چناؤ مہم کل ختم ہونے والی ہے اور مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے بھرپور کوشش کررہے ہیں۔ وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے بوکارو میں چندن کِیاری اسمبلی حلقے میں چاندی پور فٹ بال گراؤنڈ میں ایک ریلی سے خطاب کیا ہے۔ بعد میں وہ

ایک اور ریلی سے خطاب کریں گے اور ایک روڈ شو بھی کریں گے۔

جھارکھنڈ مُکتی مورچے کے سرکردہ لیڈر ہیمنت سورین بھی انتخابی جلسوں سے خطاب کررہے ہیں۔ رانچی میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، جناب سورین نے اپنے خلاف مرکزی ایجنسیوں کا بے جا استعمال کئے جانے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ عوام سبھی سرگرمیوں کو دیکھ رہے ہیں اور وہ چناؤ میں BJP کو معقول جواب دیں گے۔

ہیمنت سورین کے الزامات کی تردید کرتے ہوئے، BJP کے لیڈر بابو لال مرانڈی نے کہا کہ مرکزی ایجنسی اپنا کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیمنت سورین سرکار ملک میں سب سے زیادہ بدعنوان سرکار ہے۔

اِدھر RJD کے سرکردہ لیڈر تیجسوی یادو بھی چترا میں ایک ریلی کررہے ہیں۔

BJP کے سرکردہ لیڈر اور مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان بھی وہاں انتخابی جلسوں سے خطاب کررہے ہیں۔

AJSU اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے لیڈر بھی جھارکھنڈ کے مختلف حصوں میں ریلیاں کررہے ہیں۔ ×

## MVA - MANIFESTO

کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے مہاراشٹر کے اسمبلی انتخابات کیلئے آج مہا وِکاس اَگھاڑی اتحاد کا چناؤ منشور جاری کیا۔ x

## MAHARASHTRA MANIFESTO

مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سرکردہ لیڈر امت شاہ نے آج ممبئی میں مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے بھارتیہ جنتا پارٹی کا چناؤ منشور ''سنکلپ پتر'' جاری کیا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب امت شاہ نے کہا کہ BJP کے ''سنکلپ پتر'' سے ریاست کے عوام کی امنگوں کی عکاسی ہوتی ہے۔

انتخابی منشور میں BJP نے آبپاشی پروجیکٹوں، دریا کے پانی کو بروئے کار لانے اور مانسون کی بارش کے اضافی پانی کو استعمال میں لانے کا وعدہ کیا ہے تاکہ مہاراشٹر میں خشک سالی کی صورتحال پیدا نہ ہو۔ پارٹی نے اگلے پانچ سال میں روزگار کے ایک کروڑ مواقع دستیاب کرانے، خواتین کو بااختیار بنانے، کم لاگت کی ہاؤسنگ، زراعت کیلئے شمسی توانائی کو بروئے کار لانے اور صاف پانی دستیاب کرانے کا وعدہ بھی کیا ہے۔

BJP کا انتخابی منشور جاری کئے جانے کے موقع پر مرکزی وزیر پیوش گوئل، مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس، مہاراشٹر BJP کے صدر چندر شیکھر Bawankule، Ashish Shelar اور دیگر لیڈر موجود تھے۔

کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے مہاراشٹر کے اسمبلی انتخابات کیلئے آج مہا وِکاس اَگھاڑی اتحاد کا چناؤ منشور جاری کیا۔ x

## J&K ENCOUNTER

جموں و کشمیر میں سری نگر ضلعے کے زبروان جنگلاتی علاقے اور شمالی کشمیر میں بارہمولہ ضلعے کے سوپور علاقے میں دہشت گردوں کے خلاف مشترکہ کارروائی جاری ہے۔

کشمیر زون کے پولیس ترجمان نے بتایا کہ سری نگر کے مضافات میں آج صبح سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان تصادم شروع ہوا ۔ البتہ اِس علاقے میں ابھی تک کسی کے ہلاک یا زخمی ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔

اِدھر فوج کی چِنار کور کے ترجمان نے بارہمولہ ضلعے کے راج پورہ سوپور کے علاقے میں جاری کارروائی میں ایک نامعلوم دہشت گرد کے ہلاک ہونے کی تصدیق کی ہے۔ علاقے میں تلاش کی کارروائی جاری ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔ x

## IMD WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے نے آج تمل ناڈو میں گرج چمک کے ساتھ شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ اِس کے علاوہ، کیرالہ ، ماہے ، پدوچیری اور کرائِکل میں بھی آج کہیں ہلکی اور کہیں اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق اِن خطوں میں ہلکی سے لے کر اوسط بارش کا سلسلہ اِس مہینے کی 15 تاریخ تک جاری رہنے کا امکان ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ اگلے دو دن کے دوران ہماچل پردیش اور شمال مغربی پنجاب میں گہرا کہرا چھایا رہ سکتا ہے۔ x

## BRAMPTON ARREST

کناڈا پولیس نے اِس مہینے کی تین تاریخ کو Brampton میں ایک ہندو مندر پر احتجاج کے دوران پُرتشدد جھڑپ کے سلسلے میں ایک اور گرفتاری کی ہے۔ ایک مندر پر مظاہرے کے دوران حریف مظاہرین کے درمیان تکرار کے بعد ہاتھاپائی ہوئی تھی۔ اِس واقعے کی چھان بین کیلئے ایک خصوصی جانچ ٹیم بنائی گئی ہے۔

بھارت نے اِس حملے کی مذمت کی تھی اور بین الاقوامی سطح پر اِس احتجاج کا نوٹس لیا گیا تھا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِسے بھارتی سفارتکاروں کو ڈرانے دھمکانے کی ایک بزدلانہ کوشش اور دانستہ طور پر کیا گیا حملہ قرار دیا تھا۔ جناب مودی نے کناڈا میں رہنے والے بھارتی برادری کے لوگوں کے ساتھ یگانگت کا اظہار کرتے ہوئے، کناڈا کی سرکار پر زور دیا تھا کہ وہ انصاف اور قانون کی عملداری کو برقرار رکھے۔

اُدھر ٹورنٹو میں، بھارت کے قونصل جنرل نے بھی سکیورٹی وجوہات کی بناء پر قونصل خانے سے وابستہ کئی کیمپ منسوخ کردیئے ہیں۔ x

## CANADA VISA

ایک اہم پیش رفت میں ، جس کے بھارتی طلبا پر دور رس اثرات پڑ سکتے ہیں۔کنیڈا نے اپنے Student Direct Stream - SDS ویزا پروگرام کو بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔ بین الاقوامی طلبا کے لیے تعلیم کی غرض سے اجازت نامہ حاصل کرنے کا SDS ایک اہم وسیلہ ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ رہائش اور وسائل کی کمی کے مسئلے کو حل کرنے کی غرض سے ملک کی کوشش کے حصے کے طور پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

SDS پروگرام کو Immigration, Refugees and Citizenship Canada - IRCC نے 2018 میں شروع کیا تھا۔ اسے 14 ملکوں کے طلبا کے لیے تعلیم کی غرض سے اجازت ناموں کی درخواستوں کو تیزی سے نمٹانے کے لیے تیار کیا گیاتھا۔ ان ملکوں میں بھارت، برازیل، چین، کولمبیا، پاکستان اور پیرو، شامل ہیں۔x

## MANOHAR - EV PROGRAME

بجلی محکمے کے وزیر منوہر لال نے آج نئی دلّی میں الیکٹرک گاڑیوں کی ریلی کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے '' الیکٹرک گاڑی، ایک خدمت'' پروگرام کا بھی آغاز کیا۔ وزیر موصوف نے اپنے خطاب میں کہا کہ فضائی آلودگی کم کرنے میں الیکٹرک گاڑیوں کا اہم رول ہے۔ ''الیکٹرک گاڑی، ایک خدمت'' پروگرام کو اجاگر کرتے ہوئے جناب منوہر لال نے کہا کہ یہ پروگرام ایک اچھے کاز کیلئے شروع کیا گیا ہے، جسے دلّی کیلئے اشد ضرورت تھی۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ فضائی آلودگی زیادہ تر صنعتی سرگرمیوں، تعمیراتی کام اور ٹرانسپورٹیشن کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جناب منوہر لال نے مزید کہا کہ ہر شعبے کو اپنی اُس پیداوار اور مینوفیکچرنگ کو کم کرنے کیلئے کوشش کرنی چاہیئے، جس سے فضائی آلودگی پیدا ہوتی ہو۔x

SB-Manohar Lal

## DELHI POLUTION

بجلی محکمے کے وزیر منوہر لال نے آج نئی دلّی میں الیکٹرک گاڑیوں کی ریلی کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے '' الیکٹرک گاڑی، ایک خدمت'' پروگرام کا بھی آغاز کیا۔ وزیر موصوف نے اپنے خطاب میں کہا کہ فضائی آلودگی کم کرنے میں الیکٹرک گاڑیوں کا اہم رول ہے۔ ''الیکٹرک گاڑی، ایک خدمت'' پروگرام کو اجاگر

کرتے ہوئے جناب منوہر لال نے کہا کہ یہ پروگرام ایک اچھے کاز کیلئے شروع کیا گیا ہے، جسے دلّی کیلئے اشد ضرورت تھی۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ فضائی آلودگی زیادہ تر صنعتی سرگرمیوں، تعمیراتی کام اور ٹرانسپورٹیشن کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جناب منوہر لال نے مزید کہا کہ ہر شعبے کو اپنی اُس پیداوار اور مینوفیکچرنگ کو کم کرنے کیلئے کوشش کرنی چاہیئے، جس سے فضائی آلودگی پیدا ہوتی ہو۔x

SB-Manohar Lal

## SQUASH NSW OPEN

بھارت کی Anahat Singh نے آج صبح آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں کھیلے گئے Squash میں New South Wales (NSW) Open میں خواتین سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔ انھوں نے ہانگ کانگ کی Helen Tang کوخطابی مقابلے میں تین۔ ایک سے ہرا کر یہ باوقار ٹائٹل حاصل کیا۔ یہ Anahat کے کیریئر کا 7 واں PSA چیلنجر ٹور خطاب ہے۔x

## DELHI LG - POLICE CHAMPIONSHIP

دلّی کے لیفٹننٹ گورنر وِنئے کمار سکسینہ نے آج صبح جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں 73ویں آل انڈیا پولیس ایتھلیٹکس کلسٹر چیمپئن شپ 25-2024 کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر جناب سکسینہ نے ملک بھر میں متعین پولیس اہلکاروں، خاص طور پر، اُن اہلکاروں کی کوششوں کی ستائش کی، جو اپنے کھیلوں کے ذریعے ملک کا نام روشن کررہے ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ایتھلیٹکس کلسٹر چیمپئن شپ میں مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 39 ٹیموں کے ایک ہزار 100 سے زیادہ پولیس ایتھلیٹکس حصہ لے رہے ہیں۔ x

## CHENNAI GRAND MASTERS

چنئی شطرنج گرانڈ ماسٹرس ٹورنامنٹ میں گرانڈ ماسٹر امریکہ کے Levon Aronian نے پانچویں راؤنڈ میں فرانس کے گرانڈ ماسٹر Maxime Vachier-Lagrave کو ہراکر اوّل مقام کیلئے اپنی گرفت اور مضبوط کرلی ہے۔ اِس طرح اُن کے ساڑھے تین پوائنٹ ہوگئے ہیں اور وہ گرانڈ ماسٹر ارجن Erigaisi کے اور قریب پہنچ

گئے ہیں۔ ایران کے گرانڈ ماسٹر Parham Maghsoodloo کے ساتھ Erigaisi کا مقابلہ برابری پر ختم ہوا تھا۔

وہ چار پوائنٹ کے ساتھ سبقت حاصل کئے ہوئے ہیں۔ دیگر ماسٹرس مقابلوں میں سبھی گیمز برابری پر ختم ہوئے۔ اِن میں Vidit گجراتی اور گرانڈ ماسٹر امین طباطبئی نیز گرانڈ ماسٹر Alexey Sarana اور اروِند Chithambaram کے درمیان مقابلہ بھی شامل ہے۔

چیلنجرس زمرے میں گرانڈ ماسٹر مرلی کارتِکیان نے گرانڈ ماسٹر Abhimanyu Puranik کو پانچویں راؤنڈ میں ہرا دیا۔ x

## CRICKET

کرکٹ میں، بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چار میچوں کی ٹی- ٹوئینٹی سیریز کا دوسرا میچ آج شام GQEBERHA کے سینٹ جارج پارک کرکٹ گراؤنڈ پر کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔

جمعہ کو سیریز کے پہلے میچ میں، بھارت نے میزبان جنوبی افریقہ کو 61 رن سے ہرایا تھا۔×

## GREATER NOIDA ACCIDENT

گریٹر نوئیڈا ایکسپریس وے پر آج ایک کار اور ایک ٹرک کی ٹکر میں ایک کنبے کے پانچ افراد ہلاک ہو گئے۔ مرنے والوں میں دو خواتین اور تین مرد شامل ہیں۔

گریٹر نوئیڈا ٹریفک کے ADCP، اشوک کمار نے بتایا ہے کہ یہ حادثہ آج صبح سویرے پیش آیا، یہ کنبہ نوئیڈا سے ہری چوک جا رہا تھا کہ ان کی کار ایک کھڑے ہوئے ٹرک سے پیچھے سے ٹکرائی۔ ڈرائیور دیوی سنگھ، ان کی اہلیہ اور بیٹے اور کار میں سفر کرنے والے ایک دیگر جوڑے کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ حکام نے لاشوں کو اپنے قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا ہے۔×

☆☆☆☆